آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ

AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

# کلماتِ امریہ

# Command Words

## تمام مضامین کے لیے ایک مشترکہ فہرست

## A Common List for All Subjects

# Table of Contents

## عنوانات



| صفحہ نمبر<br>Page No | Topics<br>موضوعات |
|---|---|
| 3 | تعارف<br>Introduction |
| 5 | تفہیمی سطح اور کلماتِ امریہ<br>Cognitive Level and Command Words |
| 5 | جاننا<br>Remember |
| 6 | سمجھنا<br>Understand |
| 9 | اطلاق<br>Apply |
| 13 | Analyse<br>تجزیہ |
| 15 | Evaluate<br>تشخیص |
| 18 | Create<br>تخلیق |
| 20 | اضافی الفاظ (تمام تفہیمی سطحوں کے لیے)<br>Additional Words (Across Cognitive Levels) |
| 23 | حوالہ جات<br>References |



FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

## تعارف

آغا خان یونیورسٹی ایگزامینیشن بورڈ (AKU-EB) نظرِ ثانی شدہ بلومز ٹیکسانومی (2001) کے مطابق تفہیمی سطحوں اور مہارتوں کے حوالے سے طلبہ سے توقعات کو واضح کرنے کے لیے اپنے سلیبس میں کلماتِ امر یہ استعمال کرتا ہے، جو (تفہیمی سطحیں اور مہارتیں) طلبہ کو معلوم ہونی چاہییں اور انھی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے امتحانات میں طلبہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ہر تعلمی حاصلِ طلبہ (SLO) میں کلمۂ امر یہ استعمال ہوتا ہے، جس کے مطابق اُسے ایک مخصوص تفہیمی سطح تفویض کی جاتی ہے۔ یہ کلماتِ امر یہ امتحانی سوالات میں بھی کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔

اس دستاویز کا مقصد عمومی فہم کو قائم کرنا ہے کہ کس طرح اے کے یو۔ ای بی (AKU-EB) میں کلماتِ امر یہ کی تشریح اور ان کا اطلاق کیا جاتا ہے، جس میں سلیبس کی ساخت، سوال اور امتحانی پرچہ جات کی تشکیل، تدریس، سیکھنا اور جانچنا شامل ہیں۔ چوں کہ کلماتِ امر یہ کا استعمال تعلیمی اور امتحانی اداروں میں مختلف ہوتا ہے، اس لیے یہ راہ نما دستاویز اے کے یو۔ ای بی کے تناظر میں وضاحت، تسلسل اور ہم آہنگی فراہم کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے۔

یہ جامع راہ نما دستاویز کلماتِ امر یہ کے استعمال کو معیاری بنا کر تدریس، سیکھنے اور جانچنے کے عمل کو منظم کرتی ہے۔ نیز یہ دستاویز اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز (stakeholders) کلماتِ امر یہ کی توضیح اور اسی طرح ان کا اطلاق کریں جو کہ اعلیٰ سطحی امتحانات اور ان کی تیاری میں الجھن سے بچنے کے لیے ضروری ہے۔ یہ دستاویز اے کے یو۔ ای بی کے سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (SSC) اور ہائر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (HSSC) پروگراموں میں استعمال کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے۔ ساتھ ہی یہ دستاویز پرائمری اسکول پروگرام (PSP) اور مڈل اسکول پروگرام (MSP) کو نافذ کرنے والے اسکولوں کے لیے بھی فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے، جو کہ سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ تک پیش قدمی کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ تاہم، PSP اور MSP کے لیے ایک علیحدہ راہ نما دستاویز بھی دستیاب ہے۔

## Introduction

The Aga Khan University Examination Board (AKU-EB) uses command words in its syllabi to clarify expectations regarding the cognitive levels and skills, according to revised Bloom's Taxonomy (2001), that students should acquire and that are assessed in its examinations. Each Student Learning Outcome (SLO) begins with a command word, which is accordingly assigned a specific cognitive level. These command words are also frequently used in examination questions.

The purpose of this document is to establish a common understanding of how command words are interpreted and applied within the AKU-EB system, encompassing syllabus design, item (question) and exam development, teaching, learning and assessment. Since use of command words varies across educational and examination bodies, this guide has been developed to provide clarity and consistency in the context of AKU-EB.

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

This comprehensive guide aligns teaching, learning, and assessment by standardising the use of command words, ensuring all stakeholders interpret and apply them in the same way. It is essential for avoiding confusion in high-stakes examinations and their preparation. Designed for use in AKU-EB's Secondary School Certificate (SSC) and Higher Secondary School Certificate (HSSC) programmes, it may also be beneficial for schools implementing the Primary School Programme (PSP) and Middle School Programme (MSP), facilitating a smooth progression to SSC. However, a separate guide is also available for PSP and MSP.

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

## تفہیمی سطحیں اور کلماتِ امریہ

## Cognitive Levels and Command Words

### جاننا

### Remember

معلومات جیسے کہ حقائق / اعداد و شمار، اصطلاحات اور بنیادی تصورات کو یاد کرنے کی صلاحیت۔

Ability to recall information, such as, facts/ figures, terms/ terminologies, basic concepts.

| جن مضامین میں زیادہ تر استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | ایسا باضابطہ بیان یا اس کے مساوی جملہ جو معنی واضح طور پر بیان کرے، ایسے بیان / جملے میں مثالوں کی ضرورت نہیں ہے<br>To give a formal statement or equivalent phrase that precisely conveys the meaning; examples are not required | تعریف کرنا<br>Define | 1 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | اصطلاح، حقائق یا اشیا کے حوالے سے لکھنا، جس میں ترتیب اور تفصیلات کی ضرورت نہیں، جب تک کہ طلب نہ کیا گیا ہو<br>To write a series of terms, facts or items; sequence is not essential unless required; no details required | فہرست مرتب کرنا<br>List | 2 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی لفظ یا مختصر جملے کی صورت میں ایسا جواب دینا جس میں وضاحت نہ ہو<br>To give a brief response; no details required | ذکر کرنا / درج کرنا<br>Mention | 3 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | واضح حقائق پر مبنی معلومات فراہم کرنا جس میں کوئی تفصیلات یا معاون دلائل نہ ہوں<br>To give clear, factual information with no details or supporting arguments | جواب دینا<br>State | 4 |

وہ اضافی الفاظ جو تفہیمی سطح '**جاننا**' کی جانچ کرنے کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں جیسے کہ کون، کب، کہاں اور کیا۔

Additional words that can be used to evaluate **Remember:** who, when, where, what

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

سمجھنا

# Understand

معنی، اہمیت، رجحان اور تعلقات کے لحاظ سے معلومات کو سمجھنے کی صلاحیت۔

Ability to comprehend information in terms of meaning, significance, phenomenon and relationships.

| جن مضامین میں زیادہ تر استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | طے شدہ خصوصیات یا معیار کی بنیاد پر معلومات / عناصر / مخلوقات / مثالوں وغیرہ کو گروہوں میں ترتیب دینا یا درجہ بندی کرنا<br>To arrange or order information/ elements/ organisms/ examples, etc. into groups based on predefined characteristics or criteria | درجہ بندی کرنا<br>Classify/ Categorise | 1 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | دو یا دو سے زیادہ اشیا، حالات یا صورتِ حال کے درمیان مماثلت اور فرق واضح کرنا<br>To mention the similarities and differences between two or more items, situations or phenomena | موازنہ کرنا<br>Compare | 2 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی صورتِ حال، واقعہ، طریقہ یا عمل کی تفصیلات دینا یا تصویری اظہار کرنا، جس میں واضح کرنے، مثال یا وجوہات دینے کی ضرورت نہ ہو<br>To give a detailed account or pictorial representation of a situation, event, pattern or process. The account should not attempt to explain or give examples, or reasons. | بیان کرنا<br>Describe | 3 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | دو یا دو سے زیادہ اشیا / خیالات / صورتِ حال / مظاہر وغیرہ کے درمیان فرق / امتیاز کرنا<br>To find dissimilarity between two or more objects/ ideas/ situations/ phenomena etc. | فرق کرنا / امتیاز کرنا<br>Differentiate/ Distinguish | 4 |
| ریاضی<br>Mathematics only | کسی عمل کے ذریعے نتیجہ اخذ کرنا<br>To obtain the derivation of a function | فرق کرنا<br>Differentiate | 5 |

FOR TEACHING AND LEARNING

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | مزید وضاحت کے لیے مثالوں یا متعدد پیرائے میں توسیع کرنا<br>To expand with illustrative examples or multiple contexts for further clarification | واضح کرنا/ اضافہ کرنا<br>Elaborate | 6 |
| کامرس<br>Commerce | ایک مخصوص ترتیب / نظام کے تناظر میں فہرست میں نام دینا یا بیان کرنا<br>To name or to specify as in a list following a specific sequence/ order | شمار کرنا<br>Enumerate | 7 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | مناسب اور متعلقہ مثال / مثالیں استعمال کرتے ہوئے کسی تصور کی وضاحت کرنا<br>To clarify a concept using appropriate and relevant example(s) | مثال دینا<br>Exemplify | 8 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | متعلقہ معاون ثبوتوں، جیسے کہ معلومات، ریاضیاتی اعادہ، حقائق، وجوہات، مثالیں، اعداد و شمار، نقشے اور گراف کے ساتھ خیالات/صورتِ حال/ مسائل یا عمل (کیسے / کیوں) کو واضح کرنا<br>To make meaning (how/ why) of ideas/ situations/ problems or process with relevant supporting evidence, such as data, mathematical expressions, facts, reasons, examples, figures, maps and graphs | وضاحت کرنا<br>Explain | 9 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | پیش کردہ مواد سے مطلوبہ موزوں / متعلقہ معلومات نکالنا<br>To draw out the exact/ relevant information needed from the given content | اخذ کرنا<br>Extract | 10 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | متعدد امکانات میں سے نہایت موزوں شے / خصوصیت / خصائل کو منتخب کرنا<br>To select the most appropriate object/ feature/ characteristics from many possibilities | شناخت کرنا/ نشان دہی کرنا<br>Identify | 11 |
| انگریزی اور اردو<br>English and Urdu | متن کے مواد / تصورات کے اصل مفہوم کو برقرار رکھتے ہوئے دوبارہ بیان کرنے میں اپنے الفاظ کا استعمال کرنا<br>To rephrase the material/ ideas of a text using own words while retaining the original meaning | تشریح / مفہوم بیان کرنا<br>Paraphrase | 12 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | دیے گئے متن، گراف، چارٹ، علامت یا کسی بھی فراہم کردہ مواد کے معانی کو سمجھنا<br>To comprehend the meaning of a given text , graph ,chart ,symbol or any provided material | پڑھنا<br>Read | 13 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | دو یا دو سے زیادہ مختلف خیالات / تجربات / پہلوؤں / مقداروں کے درمیان تعلقات / روابط ظاہر کرنا<br>To make connections or associations between two or more different ideas/ experiences/ aspects/ quantities | تعلق قائم کرنا / ربط پیدا کرنا<br>Relate | 14 |
| اردو، انگریزی، سائنسز اور تاریخ<br>Languages, Sciences and History | نقطۂ آغاز سے ترقی، تاریخی تسلسل یا ارتقا کا خاکہ اور وضاحت پیش کرنا<br>To give an outline and/or description of progress, historical sequence or development from the point of origin | تلاش کرنا / کھوج لگانا<br>Trace | 15 |

وہ اضافی الفاظ جو تفہیمی سطح '**سمجھنا**' کی جانچ کرنے کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں جیسے کہ کیوں اور کیسے۔

Additional words that can be used to evaluate **understanding:** why, how

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

## اطلاق

# Apply:

نئے منظر ناموں / حقیقی زندگی کے ضمن میں تصورات / قواعد / قوانین / اصول / الگورتھم استعمال کرنے یا بنیادی مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت۔

Ability to use concepts/ rules/ laws/ principles/ algorithms in new scenarios and/ or real-life context or solve basic problems.

| جن مضامین میں زیادہ تر استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | نئی صورتِ حال، مسائل یا موضوعات کو کسی خیال، اصول، نظریہ یا قانون کے مطابق استعمال کرنا<br>To relate, place and use an idea, principle, theory or law in new situations/ problems/ issues | اطلاق کرنا<br>Apply | 1 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | الجبری اور / عددی اور / گرافی طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے جواب / جوابات حاصل کرنا (کام نظر آنا چاہیے)<br>To obtain the answer(s) using algebraic and/ or numerical and/ or graphical methods (working should be shown) | حساب لگانا/ حل کرنا<br>Calculate/ Solve | 2 |
| تمام مضامین<br>All subjects | معلومات / مقدار / مساوات کو ایک شکل سے دوسری شکل میں تبدیل کرنا<br>To change information/ quantity/ equation from one form into another form | تبدیل کرنا / بدل دینا<br>Convert | 3 |
| سائنس اور ریاضی<br>Science and Mathematics | منطقی مراحل، اصول یا معروف تعلقات کو استعمال کرتے ہوئے نتیجہ، فارمولا یا اعادہ حاصل کرنا<br>To obtain a result, formula, or expression by applying logical steps, principles or known relationships | حاصل کرنا<br>Derive | 4 |
| ریاضی<br>Mathematics | تفاعل کا تفرق اخذ کرنا<br>To obtain the derivative of a function | تفرق کرنا<br>Differentiate | 5 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی مسئلے یا صورتِ حال کا متعین حدود میں حساب، اصولوں، گرافی طریقوں یا منطقی استدلال کے ذریعے حل نکالنا<br>To resolve a problem or situation by using calculation, principles, graphical methods or logical reasoning within defined limits | تعین کرنا/ مقرر کرنا<br>Determine | 6 |
| ریاضی<br>Mathematics | الجبری اظہار کو زیادہ تفصیل سے ظاہر کرنے کا عمل، جس میں قوسین کو ضرب دینا، شرائط کو تقسیم کرنا اور تمام انفرادی اجزا کو واضح طور پر لکھنا شامل ہوتا ہے۔ اس میں عموماً قوسین کو ختم کرنا اور اعادہ کی مکمل شکل دکھانا شامل ہوتا ہے<br>The process of expressing an algebraic expression in a more detailed form by multiplying out brackets, distributing terms, and writing out all the individual components explicitly. This typically involves eliminating parentheses and showing the full form of the expression | پھیلانا/ کھولنا<br>Expand | 7 |
| ریاضی<br>Mathematics | کسی عدد یا کثیر الحدی کو اس کے عوامل میں حل کرنا یا توڑنا<br>To resolve or break an integer or polynomial into its factors | اجزائے ضربی بنانا<br>Factorise | 8 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی مسئلے، تصور، خیال، عمل، ردِ عمل اور صورتِ حال کو (بصری یا تحریری) تفصیلی شواہد جیسے کہ ٹھوس مثالیں، حسابات، عملی طریقے، خاکے، اعداد و شمار یا کردار کا خاکہ نگاری کے ذریعے اظہار کرنا<br>To express (visual or written) a given problem, concept, idea, process, reaction and situation using detailed evidence such as concrete examples, calculations, mechanisms, diagrams, figures or character sketch | خاکہ کھینچنا/ نمائندگی کرنا/ دکھانا<br>Illustrate/ Represent/ Show | 9 |
| سائنسز، آرٹس اور کامرس<br>Science, Humanities and Commerce | کسی گراف، نقشے یا چارٹ پر ایک یا زیادہ نقاط کو دی گئی معلومات کے ذریعے تلاش کرنا اور نشان لگانا<br>To locate and mark one or more points on a graph, map, or chart by means of coordinates or given data | نشان زدہ کرنا/ منصوبہ بنانا<br>Plot | 10 |
| کامرس<br>Commerce | مالیاتی اعداد و شمار کو کسی لیجر یا مخصوص کھاتے میں محفوظ کرنا یا منتقل کرنا (اس لفظ کا متبادل 'مکمل' بھی استعمال کیا جاسکتا ہے)<br>To record or transfer financial data into a ledger or specific account [the word ‘Complete’ can also be used] | درج کرنا (پوسٹ)<br>Post | 11 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

| | | | |
|---|---|---|---|
| کامرس<br>Commerce | کسی مناسب طریقہ ٔ کار پر عمل کرتے ہوئے کسی مخصوص سانچے میں کچھ بنانا، جیسے کہ حتمی اکاؤنٹس بنانا، عمومی جریدے میں اندراج کرنا<br>To make something in a specific format, following a suitable procedure, such as making final accounts, general journal entries | تیار کرنا<br>Prepare | 12 |
| کامرس<br>Commerce | حساب کتاب کے اصولوں کی درستگی اور مطابقت کو یقینی بناتے ہوئے، مالیاتی لین دین یا واقعات کو مناسب کھاتوں میں منظم طریقے سے دستاویز کرنا<br>To document financial transactions or events systematically in the appropriate books of accounts, ensuring accuracy and compliance with accounting principles | محفوظ کرنا / درج کرنا<br>Record | 13 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | دی گئی معلومات یا خاکہ درست کرنا<br>To correct a given information/ diagram | اصلاح کرنا / درست کرنا<br>Rectify | 14 |
| سائنس، کامرس اور ریاضی<br>Science, Commerce and Mathematics | کسی مساوات، کسر یا عمل کو سادہ شکل میں تبدیل کرنا<br>To reduce (an equation, fraction, function) to a simplest form | آسان بنانا (مختصر کرنا)<br>Simplify | 15 |
| تمام مضامین<br>All subjects | کسی شے، تصور یا تعلقات کی اہم خصوصیات اور تناسب کو ظاہر کرنے کے لیے بنا کسی حدود وقیود کے مناسب تصویر / خام تصویر / خاکہ تیار کرنا<br>To make a simple freehand/ rough drawing/ outline that captures the essential features and proportions of an objects, concept or relationships | خاکہ بنانا<br>Sketch | 16 |
| تمام مضامین<br>All subjects | اہم نکات کے پیشِ نظر اپنے الفاظ میں اصل معنی برقرار رکھتے ہوئے تحریر کو سادہ اور مختصر بنانا<br>To make concise by extracting key points and paraphrasing/ writing in one's own words while retaining the same meaning | خلاصہ کرنا<br>Summarise | 17 |
| انگلش اور اردو<br>English and Urdu | کسی تحریری یا زبانی پیغام یا متن کے معنی کو ماخذ (اصل) زبان سے دوسری زبان میں تبدیل کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانا کہ اصل مقصد، لہجہ اور سیاق وسباق برقرار رہے<br>To convert the meaning of a written/ oral message or text from the source (original) language to another ensuring the original intent, tone, and context are preserved | ترجمہ کرنا<br>Translate | 18 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی کام کو انجام دینے یا کسی مسئلے کو حل کرنے کے لیے علم، مہارت، طریقوں یا معلومات کو بروئے کار لانا<br>To employ knowledge, skills, methods or information to perform a task or solve a problem | استعمال کرنا<br>Use | 19 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

# تجزیہ

# Analyse

کسی بھی صورتِ حال میں محرکات، وجوہات، اسباب، اثرات، طریقۂ کار اور حقائق کی بنیاد پر معلومات کو حصوں میں تقسیم کرنے کی صلاحیت۔

Ability to break down information into parts, examining their relationships based on motives, reasons, causes, effects, patterns and facts in any given situation.

| جن مضامین میں زیادہ تر استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی معلومات، خیال، تصور یا مسئلے کو اس کے اجزا میں تقسیم کرنا، ہر جُزو کو اس کے بنیادی اصولوں، معاون دلائل اور شواہد کے ذریعے گہرائی سے دیکھنا، اجزا کا آپس میں اور مکمل طور پر تعلق پیدا کرنا<br>To break a given information, idea, concept, problem into its constituent parts - look in depth at each part using underlying principles, supporting arguments and evidences, relating the parts with one another and to the whole | تجزیہ کرنا / جائزہ لینا<br>Analyse/ Examine | 1 |
| کیمیا<br>Chemistry | کیمیائی مساوات میں اجزا کے عوامل میں توازن پیدا کرنا، جیسے کہ جوہر کا توازن اور مادے کے تحفظ کو یقینی بنانا، تضادات کی نشان دہی کرنا تا کہ توازن حاصل کیا جا سکے یا قائم شدہ اصولوں کے مطابق لایا جا سکے<br>To adjust coefficients in a chemical equation, ensuring atom balance and conservations of mass, by identifying discrepancies to achieve equilibrium or conformity with established principles | متوازن کرنا<br>Balance | 2 |
| کامرس، سائنس اور جغرافیہ<br>Commerce, Sciences and Humanities | منظم اعداد و شمار، تاریخی حقائق اور شماریاتی نمونوں کی بنیاد پر مستقبل کے معاملے / قیمت / رجحان یا حالت کا اندازہ لگانا<br>To speculate a future event/ value/ trend or condition based on systematic data analysis, historical patterns and statistical models | اندازہ لگانا<br>Forecast | 3 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | حاصل معلومات سے آگے بڑھ کر یہ شناخت کرنا کہ کون سی ایسی باتیں ہیں جو ظاہر تو نہیں کی گئیں، مگر شواہد یا دلائل کی بنیاد پر واضح ہو سکتی ہیں<br>To go beyond the information given to identify what is implied but is not stated through reasoning or from premises of evidence | مفہوم واضح کرنا<br>Infer | 4 |
| اردو اور انگریزی<br>Languages | کسی لفظ، جملے یا متن کی خصوصیات، اثرات اور نفسِ مضمون کو تحریری تفصیلات، شاعری یا بیانیہ جیسے مختلف لسانی ذرائع کو استعمال میں لاتے ہوئے بیان کرنا، تاکہ اس کی گہرائی، اہمیت اور منفرد پہلوؤں کو سمجھا جاسکے<br>To depict the characteristics, effects, and essence of a word, phrase, or text using various linguistic mediums such as written descriptions, poetry, or narrative in order to understand its depth, significance, and unique aspects | عکاسی کرنا<br>Portray | 5 |
| کامرس<br>Commerce | ایسا عمل جس میں کسی مخصوص ذرائع سے مقررہ اعداد و شمار، ریکارڈز یا معلومات کو تلاش کرنا / نکالنا<br>To the process of locating, extracting, and bringing back specific data, records, or information from a given source | واپس لانا / حاصل کرنا<br>Retrieve | 6 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

## تشخیص

# Evaluate

معیارات، ثبوت، منطقی اور ریاضیاتی استدلال اور مستحکم جواز کی بنیاد پر نتائج اخذ کرنے، فیصلہ کرنے یا رائے قائم کرنے کی صلاحیت جسے مؤثر طریقے سے جواز فراہم کیا جائے۔ اس عمل میں شواہد کا تجزیہ کرنا، تنقیدی طریقہ کار اور نظریات کی صداقت اور مطابقت کا اندازہ لگانا شامل ہے۔

Ability to draw conclusions, make judgments, or decisions based on benchmarks, evidence, logical and mathematical reasoning, and sound rationale, while effectively justifying them. This involves analysing evidence, critiquing methodologies, and assessing the validity and relevance of ideas.

| جن مضامین میں زیادہ تر استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | صلاحیتیں، حدود، اثرات، تجربات، ثبوت اور / سیاق و سباق کو مدِ نظر رکھ کر معقول اور مستحکم فیصلہ کرنا<br>To make an informed judgement by considering strengths, limitations, implications, experiences, evidences and/ or contexts | اندازہ لگانا / جانچنا<br>Assess/ Evaluate | 1 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی متن، فن پارے، کارکردگی، تصور، اصول، نظریہ، عمل یا تحقیق پر منطقی استدلال اور ثبوت کے ذریعے تنقیدی جائزہ یا فیصلہ فراہم کرنا<br>To provide a critical review or judgement on a/ an text, artwork, performance, concept, principle, theory, process or research through logical reasoning and evidences | تنقید<br>Critique | 2 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | مختلف دلائل، فوائد و نقصانات، اسباب و نتائج / نقطۂ نظر کو شامل کرتے ہوئے ایک متوازن، منطقی اور ثبوت پر مبنی نتیجہ پیش کرنا<br>To present a balanced, logical and evidence-based conclusion, including a range of arguments, pros and cons, causes and consequences, or perspectives | تبادلۂ خیال کرنا (بحث کرنا)<br>Discuss | 3 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | سیاق وسباق، خاکوں یا ترکیبی اشاروں کی مدد سے معنی کو اخذ کر کے ایک منطقی نتیجے تک پہنچنا<br>To reach a conclusion, by extracting meaning with the help of contextual/ diagrammatical/ structural clues | نتیجہ اخذ کرنا<br>Deduce | 4 |
| اردو اور انگریزی<br>Languages | تعلقات، وجوہات اور ثبوت کے ذریعے کسی خیال، تصور یا تعلق کی بنیاد فراہم کرنا اور اس کی صداقت کو ثابت کرنا<br>To provide a solid foundation and confirm the validity of an idea, concept or relationship through connections, reasoning and evidence. | قائم کرنا / تصدیق کرنا<br>Establish | 5 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی شے کی قیمت، مقدار یا حجم کا دستیاب اعداد و شمار، پیشگی علم یا منطقی بنیادوں پر تخمینہ / اندازہ لگانا<br>To make an approximate calculation or judgement about any value, quantity or size of something based on available data, prior knowledge or logical inference | تخمینہ لگانا / اندازہ لگانا<br>Estimate | 6 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی رجحان / واقعہ / بیان / خیال / تصور کے درست شواہد یا وجوہات اور / مثالوں کی مدد سے اپنا نقطۂ نظر پیش کرنا<br>To support the given phenomenon/ event/ statement/ idea/ concept by providing valid evidences, reasons and/ or examples | جواز پیش کرنا / دلیل دینا<br>Justify | 7 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | دستیاب معلومات، آگاہی، تجزیہ یا شواہد کی بنیاد پر منطقی دلائل کے ذریعے آئندہ کی کارروائی یا واقعہ کے ممکنہ نتائج کا اندازہ لگانا<br>To anticipate the outcome of an upcoming action or event by making logical connections based on available information, intuition, analysis or evidence | پیش گوئی کرنا<br>Predict | 8 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی مفروضے / حقیقت / قانون کو مستند شواہد، ریاضیاتی / منطقی مراحل، الگورتھم، قوانین یا دلائل استعمال کرتے ہوئے درست ثابت کرنا<br>To validate an assumption/ fact/ law by using rigorous evidence, sequence of mathematical/ logical steps, algorithms, laws or arguments | ثابت کرنا<br>Prove | 9 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی صورتِ حال کے تناظر میں واضح دلیل کا استعمال کرتے ہوئے مسئلے کا ممکنہ حل پیش کرنا<br>To give possible solutions to a problem using a clear rationale according to the given situation or context | تجویز / مشورہ دینا<br>Recommend/ Suggest | 10 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی معلومات کی سچائی، درستگی یا صحت کو مشاہدے، تجربے یا شواہد کے ذریعے جانچ کر تصدیق کرنا<br>To confirm or check a truth, accuracy or validity of the given information through observation, testing or evidence | تصدیق کرنا<br>Verify | 11 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

تخلیق

# Create

موجودہ معلومات کو تخلیقی طور پر ترتیب دے کر نئے خیالات، حل، مصنوعات، فنون یا ادبی تخلیقات پیش کرنے کی صلاحیت۔ اس عمل میں تجربات کو یکجا کرنا، دوبارہ ترتیب دینا اور نئے انداز میں خاکہ تیار کر کے اصل اور بامعنی نتائج پیدا کرنا شامل ہے۔

Ability to synthesise existing information innovatively, generating new ideas, solutions, products, artistic creations, or literary works. This includes combining, reorganising, and designing experiments or processes to create original and meaningful outcomes.

| جن مضامین میں زیادہ تر استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمہ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| اردو، انگریزی اور آرٹ<br>Languages and Art | مختلف عناصر یا خیالات کو منظم انداز میں استعمال کرتے ہوئے کوئی بامعنی نتیجہ پیدا کرنا، جیسے کہ تحریری کام، فنی تخلیق یا کسی بھی قسم کا اظہار کرنا شامل ہے<br>To produce a meaningful output such as a written work, art work or any form of expression using various elements or organising ideas | ترتیب دینا / تصنیف کرنا<br>Compose | 1 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | تخیل، جدت اور مہارت کی بنیاد پر ایک منفرد / نیا کام تخلیق کرنا<br>To produce a unique/ novel work based on imagination, innovation and mastery of techniques | تخلیق کرنا<br>Create | 2 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | مخصوص حدود میں رہتے ہوئے جدت، استعمال اور اثر کے ذریعے مطلوبہ ہدف حاصل کرنے کے لیے ایک بنیادی خاکہ، ڈھانچہ، شے اور نظام کو تخلیق اور تیار کرنا<br>To conceive and produce a blueprint, structure, object and system to achieve a desired goal through innovation, usability and impact within specified constraints | نمونہ بنانا<br>Design | 3 |

FOR TEACHING AND LEARNING PURPOSES ONLY

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All subjects | ریاضیاتی اور / منطقی استدلال کے ذریعے واضح اور منظم طریقے سے کوئی خیال، تصور یا منصوبہ ترتیب دینا<br>To develop an idea, concept or policy in a clear and systematic manner using mathematical and/ or logical reasoning | کلیہ بنانا / قاعدہ بنانا<br>Formulate | 4 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | مختلف معلومات یا نظریات کے اجزا کو یک جا کرکے خیالات، تفصیلات، منصوبے، حل یا نتائج اور تجاویز کو منظم طریقے سے ترتیب دینا<br>To systematically produce ideas, reports, plans, solutions or outcomes and proposals by combining different pieces of information or perspective | پیدا کرنا / تشکیل دینا<br>Generate | 5 |
| اردو اور انگریزی<br>Languages | مختلف ذرائع سے حاصل شدہ خیالات یا معلومات کے عناصر کو یک جا کرکے دیے گئے مواد یا متن کا نیا، مربوط اور جامع جائزہ تشکیل دینا<br>To integrate elements of various ideas, information from sources to form a new, coherent and comprehensive insight of the given text or material | ترکیب و تالیف کرنا<br>Synthesis | 6 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

# اضافی الفاظ (تمام تفہیمی سطحوں کے لیے)

**Additional Words (Across Cognitive Levels)**

درج ذیل تمام کلماتِ امریہ ایک سے زیادہ تفہیمی سطحوں پر استعمال ہوتے ہیں، جو کہ سیاق وسباق اور مضمون کی ضروریات، حاصلِ تعلم (SLO) یا سوال کے مطابق ہوتے ہیں۔

These command words are used at more than one cognitive level depending on the context and the demand of a subject, student learning outcome (SLO) or question.

| جن مضامین میں زیادہ تر استعمال ہوتا ہے<br>**Most Frequently Used In** | تعریف<br>**Definition** | کلمۂ امریہ<br>**Command Word** | نمبر شمار<br>**S.No.** |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | تمام ضروری / مطلوبہ / پوشیدہ معلومات پیشِ نظر رکھتے ہوئے کسی کام کو تکمیل دینا<br>To finish a task by providing all the necessary/ required/ missing information | مکمل کرنا / پُر کرنا<br>Complete/ Fill | 1 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | دی گئی معلومات یا خیالات کے مختلف اجزا کو یک جا کر کے اور ترتیب دے کر منظم انداز میں ایک تصور، نمونہ یا خاکہ تشکیل دینا<br>To systematically frame a concept, model or diagram by combining and arranging parts of given information or idea | تعمیر کرنا / ترتیب دینا<br>Construct | 2 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کام کے سیاق وسباق اور تفہیمی تقاضوں کے لحاظ سے کسی تصور، ڈھانچے، یا عمل کی وضاحت کے لیے خاکہ، گراف، نمونہ (لیبل کے ساتھ یا لیبل کے بغیر) یا منطقی دلائل کی مدد سے نمائندگی فراہم کرنا<br>To represent a concept, structure, or process through a diagram, graph, sketch, model (with or without labels) or arguments depending on the context and cognitive demand of the task | شکل بنانا<br>Draw | 3 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی خیال، موضوع، تصور یا تعلق کے پوشیدہ پہلوؤں کو وسیع تر نقطۂ نظر سے تجربات، مشاہدات، تحقیق / جانچ کے ذریعے منظم طور پر دریافت کرنے کے مقصد سے تحقیق کرنا یا کھوج لگانا<br>To research, investigate or look into unknown aspects of an idea, theme, concept or relationship in a broader perspective through experiences, experiments/ tests, observations, inquiry systematically for the purpose of discovery | دریافت کرنا<br>Explore | 4 |
| کیمیا<br>Chemistry | کیمیائی مرکبات یا ردِ عمل کی سالماتی ساخت، خصوصیات یا طریقۂ کار کو واضح کرنے کے لیے تجرباتی اعداد و شمار، نظریاتی نمونہ، یا مختلف اسپیکٹروسکوپک اور تجزیاتی تکنیکوں، جیسے کہ این ایم آر، آئی آر، ایم ایس اور ایکس رے کرسٹالوگرافی کی بنیاد پر شواہد فراہم کرکے واضح کرنا<br>To clarify the molecular structure, properties or mechanisms of chemical compounds or reactions by giving evidence based on experimental data, theoretical models or various spectroscopic and analytical techniques, such as NMR, IR, MS, and X-ray crystallography | روشنی ڈالنا<br>Elucidate | 5 |
| سائنس کے تمام مضامین<br>All Sciences | تفہیم کو بہتر بنانے کے لیے کسی شے کو واضح یا مفصل طور پر بیان کرنا۔ مثالیں، ثبوت یا مزید وضاحت فراہم کرکے اس کی بہتر تفصیل پیش کرنا<br>To make something clear or explain it in detail, often by providing examples, evidence or further explanation to enhance understanding | | |
| تمام مضامین<br>All Subjects | علم، منطقی استدلال، حساب کتاب، عمل یا تحقیقات کا استعمال کرتے ہوئے کسی مخصوص قیمت، جواب یا مسئلے / معیار کا نتیجہ حاصل کرنے کے لیے مرتب اور منظم طریقہ سامنے لانا<br>To obtain a required value, answer or result to a given problem/ criterion by using knowledge, logical reasoning, calculation, processes, investigation or inquiry | تلاش کرنا<br>Find | 6 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی کام یا سوال کے ضمن میں کوئی معلومات / مثال پیش کرنا<br>To present a piece of information/ example as required by the task or question | دینا / فراہم کرنا<br>Give/ Provide | 7 |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

| | | | |
|---|---|---|---|
| تمام مضامین<br>All Subjects<br>تجزیہ<br>Analyse | کسی معلومات، گراف یا اعداد و شمار کی پوشیدہ تفصیلات اخذ کرتے ہوئے ان کے درمیان روابط قائم کرنا<br>To extract and make connections between implicit details of the given information, graphs or data | توضیح کرنا/<br>تفسیر بیان کرنا<br>Interpret | 8 |
| تشخیص<br>Evaluate | ثبوت، مشاہدات یا نتائج کا مفہوم سمجھ کر ایک مربوط وضاحت، نتیجہ یا اہمیت پیش کرنا<br>To make sense of evidence, observations or results presenting a coherent explanation, conclusion or significance | | |
| تمام مضامین<br>All Subjects | کسی خاکے، ساخت، شے یا تصور کے مخصوص حصوں یا اجزا کو مناسب عنوانات یا شناختی علامات تفویض کرنا<br>To assign titles or tags to specific parts or components of a diagram, structure, object or concept | چسپاں کرنا/ عنوان دینا<br>Label/ Name | 9 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | یادداشت، پیمائش، مشاہدات یا دیگر دستیاب اعداد و شمار کی مدد سے خاکے، نقشے یا گراف پر کسی مخصوص مقام کی نشان دہی کرنا<br>To point out a specified position or place on a diagram ,map or graph through recall , measurements ,observations, or any other available data | تعین کرنا<br>Locate | 10 |
| تمام مضامین<br>All Subjects | ہدایات کی پیروی کرتے ہوئے سادہ نِکات محفوظ کرنے سے لے کر مفصل ادبی تخلیق کے ذریعے ردِ عمل کا اظہار کرنا (عموماً مربوط)<br>To produce a response (often structured) ranging from simple note taking to complex literary composition adhering to the given guidelines | تحریر کرنا/لکھنا<br>Write | 11 |
| کمپیوٹر سائنس<br>Computer Science | کمپیوٹر سے متعلقہ ماحول میں اعداد و شمار کو کسی مخصوص مقام یا آلے میں درج / محفوظ / ذخیرہ کرنا<br>To record, save or store data to a specifed location or device in a computing environment | | |

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

حوالہ جات

## References


1. "Answering the Question", *Oxford Advance Learners' Dictionary* (2015)
2. "*Command Terms in the Middle Years Programme"*, International Baccalaureate Organisation (2010)
3. Robert J. Marzano and John S. Kendall, *The New Taxonomy of Educational Objectives* (2007)
4. "*Taxonomy of Cognitive Objectives"*, Epsilon Learning Systems
5. *"Taxonomy of Educational Objectives"*, Benjamin Bloom (1966)
6. https://www.treasurers.org/ACTmedia/Command%20words%20explained.pdf
7. "The Association of Corporate Treasurers" Accessed January 8, 2025. https://www.treasurers.org/ACTmedia/Command%20words%20explained.pdf
8. "Massey University of New Zealand" Accessed January 8, 2025. https://owll.massey.ac.nz/academic-writing/command-words.php
9. "Highdown School and Sixth Form Centre" Accessed January 8, 2025. https://www.highdown.reading.sch.uk/attachments/download.asp?file=2394&type=pdf
10. "International Baccalaureate Organization 2017" Accessed January 8, 2025. https://jefferson.apsva.us/wp-content/uploads/sites/22/2019/11/command-terms-are-here.pdf
11. "Cambridge University Press & Assessment 2014" Accessed January 8, 2025. https://www.cambridgeinternational.org/exam-administration/what-to-expect-on-exams-day/command-words/
12. Nebosh Guidance on command words used in learning outcomes and question papers: certificate v5 (June 2021) https://www.nebosh.org.uk/documents/guidance-on-commands-words-certificate-level/as026-guidance-on-command-words-certificate-qualifications-v5.pdf
13. Command Words Pearson. https://qualifications.pearson.com/content/dam/pdf/A%20Level/Physical%20Education/2016/Teaching%20and%20learning%20materials/command-words-taxomony-for-centres.pdf
14. Cambridge University Press and Assessment
15. https://www.abeuk.com/sites/default/files/2024-01/Guide%20to%20command%20words.pdf
16. https://www.highdown.reading.sch.uk/attachments/download.asp?file=2394&type=pdf
17. https://www.thesaurus.com/browse/construct
18. https://www.woostercolts.com/cms/lib/NV02000980/Centricity/Shared/pdf/ib/ibmyp/ibmyp-command-terms.pdf
19. https://faculty.pieas.edu.pk/umarfaiz/workshop/commandwords.pdf
20. https://www.oxfordlearnersdictionaries.com/definition/english/construct_1?q=construct
21. https://www.cambridgeinternational.org/exam-administration/what-to-expect-on-exams-day/command-words/


FOR TEACHING AND LEARNING ONLY

22. https://www.cambridgeinternational.org/exam-administration/what-to-expect-on-exams-day/command-words/
23. AMAZING WORLD OF SCIENCE WITH MR. GREEN IB command Words https://www.mrgscience.com/ib-command-terms.html
24. ASSESSMENT AND EVALUATION https://fbise.edu.pk/Syllabus/HSSC-II-OLD/Islamic%20Education%20Elective/6%20Assessement%20and%20Evaluation,%20cognative%20and%20comand%20words%20HSSC-II.doc

FOR TEACHING AND LEARNING ONLY